## سوال

(223) رمضان کے روزہ نہ رکھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی رمضان کے روزے نہیں رکھ سکتا وہ کیا کرے ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کوئی بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے روزے نہیں رکھ سکتا اگر آیندہ تندرست ہونے کی امید نہ ہو تو قضا کی بجائے وہ فدیہ ادا کرے ۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے ۔ ''اور جو لوگ روزہ کی طاقت نہیں رکھتے وہ فدیہ کے طور پر ایک مسکین کو کھانا کھلائیں ۔'' [۲/البقرہ:۱۸۴]

اگر کوئی اتنا بوڑھا ہوگیا ہو کہ روزہ رکھنے کی ہمت نہیں رہی تو وہ بھی فدیہ دے ، جیسا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا فتویٰ ہے فرماتے ہیں کہ بہت بوڑھے کے لئے رخصت ہے کہ وہ خود رکھنے کے بجائے ہر دن کسی ایک مسکین کو دو وقت کا کھانا دے دے اور اس پر روزہ کی قضا نہیں ہے ۔ [مستدرک حاکم، ۴۴،ج ۱]

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ اصحاب الحدیث**

جلد: **2** صفحہ: **248**